علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ (9027) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال نمبر 1۔ سہ سالہ قیامِ یورپ، اقبال کی بصیرت پر کس طرح اثرانداز ہوا؟ دلائل کے ساتھ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ آپ اقبال کے کس اردو شعری مجموعے کو فکری اور فنی اعتبار سے پختہ تر خیال کرتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ اپنے موقف کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ بانگ درا کی منظومات علامہ اقبال کے فکری ارتقاء کا مطالعہ کرنے کے لیے ایک اہم ترین ذریعہ ہیں؟ دلائل کے ساتھ ثابت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اقبال کے خطبہ الاجتہاد فی الاسلام کے اہم نکات کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تصورِ خودی کیا ہے؟ کیا علامہ محمد اقبال کا تصورِ خودی صرف مسلمانوں ہی کے لیے ہے؟ یا اس کے دامن میں دیگر اقوام کے لیے بھی گنجائش ہے؟ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال نمبر 1۔ بال جبریل کو اردو شاعری میں کیا اہمیت حاصل ہے؟ نیز یہ مجموعۂ شاعری اقبال کے فکر و فن کے مطالعے کے لیے کیوں اہم ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ اقبال کا تصور قومیت ایک خاص مجرد تخیل پر استوار ہے، آپ ان مجرد عناصر قومیت کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قبال کے تصورِ عقل و عشق کے ماخذ پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اقبال اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے ایک تفصیلی مضمون قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ انسانِ کامل کے حوالے سے مغربی دنیا کے تصورات اور اقبال کے تصور کا تقابلی جائزہ لیجیے۔ (20)